# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ

کورس: اصول صحافت۔الف (9253)    سمسٹر: بہار 2025    سطح: بی ایس

### درسی مواد برائے طلبہ

عزیز طلبہ، السلام علیکم

کورس اصول صحافت (9253) کے تعلیمی سفر کے آغاز پر نیک خواہشات قبول کریں۔ کورس کے مطالعہ کے دوران درج ذیل نکات مد نظر رکھنے سے آپ کی تعلیم زیادہ بامقصد اور مفید ہو سکتی ہے۔

1۔ امتحانی مشق مطالعے اور کتاب سے ذہنی ہم آہنگی جانچنے کے لئے حل کروائی جاتی ہے اس حوالے سے مشق میں اچھے نمبر اسی صورت حاصل کئے جاسکتے ہیں جب مشق ہو بہو کتاب سے نقل نہ کی گئی ہو۔ کتاب کا اچھی طرح مطالعہ اور مفہوم کو سمجھنے کے بعد اپنے الفاظ میں تمام سوالات حل کرنے کی کوشش کریں۔

2۔ مشق حل کرتے وقت کتب خانوں میں بھی متعلقہ دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔

3۔ اس کے علاوہ صحافت کے عملی پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ لینا بھی آپ کے لئے بے حد ضروری ہے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اخبار کا مطالعہ باقاعدگی سے کیا کریں۔ اس میں موجود خبروں، کالموں، اداریوں اور دوسرے مواد کی نوعیت کو اپنی درسی کتاب میں بیان کیے گئے صحافت کے اصولوں کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کریں۔

نوٹ: کورس سے متعلق کوئی مشکل یا شکایت ہو تو یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغ عامہ سے رابطہ کریں۔

**ڈاکٹر اسد منیر**
کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ

### وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: اصول صحافت۔ الف (9253)** **سمسٹر بہار 2025**

**سطح: بی ایس**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔**

**(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ)**

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1–روزنامہ جنگ، نوائے وقت اور ڈان کا احوال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2– قیام پاکستان سے قبل برصغیر کے نمایاں اخبارات کا احوال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3– صحافت کی تعریف کریں، نیز صحافت پر اعتراضات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4– صحافت کی اہمیت اور اس پر تنقید کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 5– مختلف اسالیب کی روشنی میں صحافتی زبان کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ 5 تا 9)

سوال نمبر 1– مدیر کون ہوتا ہے؟ نیز اخبار کی تدوین کے مختلف مراحل بھی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2– اخبار کے میک اپ سے کیا مراد ہے؟ تزئین کے چند نمایاں اصول بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3– عصر حاضر میں مطبوعہ صحافت کو درپیش چیلنجز کا احاطہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4– فیچر کی مختلف اصناف پر روشنی ڈالیں، نیز فیچر نویس کے پیشہ ورانہ اوصاف بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5– تاریخی اعتبار سے پاکستان کے چند نمایاں ترین کالم نگاروں کا احوال بیان کریں۔ (20)